☆ مادے کی تعریف کرنا (To define Matter)

☆ مادے کی اقسام بتانا (To tell the types of Matter)

☆ مادے کی خصوصیات بتانا (To tell the properties of Matter)

☆ مثالوں سے واضح کرنا (To explain with examples)

☆ پریکٹیکل کروانا (To conduct Practicals)

☆ مادے کی اہمیت بتانا (Importance of Matter).

**(Reinforcement Activi...)**

(Divide Students into Groups) ...اپ میں تقسیم کرنا

...پ مادے کی ایک حالت کو ظاہر کرے گا اور خصوصیات بتائے گا۔

(Chart Making) ...بنوانا

(Questioning) ...ت کرنا

**(Home Work)** ...کام:

...ں سے مختلف مادے کی چیزوں کی اشکال بنوانا

...ے کے روزمرہ استعمال کے بارے میں لکھوانا

...ک شیٹ حل کروانا

# 4.8۔ورک شیٹ (Work Sheet)

...جگہ پر کریں

...رکھنے، لٹکانے یا کھڑا کرنے کے لئے ............................ کی ضرورت ہوتی ہے۔

...ات بھی ............................ گھیرتی ہیں۔

... ............................ اشیاء جگہ گھیرتی ہیں۔

...ے بھرے ہوئے غبارے میں اگر مزید ہوا بھرتے جائیں تو وہ ............................ ہوجائے گا۔

...ت کے جوابات لکھیں۔

(Write 3 forms of matter) ...ی تین حالتیں لکھیں۔

(Write 2 forms of water) ...ی دو حالتیں لکھیں۔

(Write types of solid) ...ی اقسام لکھیں۔

(Write 3 examples of solid, liquid and Gas) ...، مائع اور گیس کی 3 مثالیں دیں۔

(What type of matter is spray?) ...کونسا مادہ ہے۔

...لف کو کالم ب سے ملائیں

| ب | الف |
|---|---|
| گیس | پٹرول |
| ٹھوس | دھواں |
| مائع | فوم |

# یونٹ نمبر 5: پانی (Water)



**دوسرے مضامین سے رابطہ:**

ماحولیات Environment
ہوم اکنامکس Home Economics
اردو Urdu
انگلش English
معاشرتی علوم Social Studies

**ذرائع:**

www.science.com
www.google.com
Punjab Text Book Board, Lahore

مد:

اس سیشن کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ

☆ پانی کی اہمیت جان سکیں گے
☆ بچوں کو پانی کی آلودگی کی وجوہات بیان کر سکیں گے
☆ پانی صاف کرنے کے طریقوں کو جان سکیں گے

| | |
|---|---|
| سرگرمی نمبر | |
| 1 | وقت: 15 منٹ |
| : | ☆ گلاس، ☆ چمچ ☆ مٹی، ☆ سوکھے پتے ☆ ریت |

:

آپ ایک گلاس کو آدھا پانی سے بھر لیں اس میں ایک چمچ نمک ڈالیں اب اس میں ایک چمچ مٹی، آدھا چمچ ریت اور کچھ سوکھے پتے باریک پیس کر ڈال دیں چیزوں کو اچھی طرح چمچ سے ہلائیں۔

کیا آپ کو اس گدلے پانی میں نمک نظر آتا ہے؟

کیا مٹی پانی کے اندر غائب ہو گئی؟

کیا ریت بھی پانی میں پوری طرح حل گئی؟

کیا باریک سوکھے پتے پانی میں حل ہو گئے یا تیرتے رہے۔

| | |
|---|---|
| سرگرمی | پانی فلٹر کرنا(Filtration of Water) |
| 2 | وقت: 15 منٹ |
| | میٹریل:<br>☆ چارٹس ☆ مارکر ☆ ماسکنگ ٹیپ |

ہدکار:

تجربہ گاہ میں فلٹر کرنے کے لئے فلٹر پیپر استعمال کیا جاتا ہے۔ فلٹر پیپر کو پہلے دوہرا کریں پھر اس کی چار تہیں بنائیں۔ تین تہیں ایک طرف اور ایک تہ ایک کے قیف(funnel) کی شکل بنالیں۔ اسے معمولی سا گیلا کر کے شیشے کی قیف کے اندر لگا دیں شیشے کی سلاخ کو اس طرح پکڑ کر فلٹر قیف میں پانی گرائیں کہ پر سے ہوتا ہوا فلٹر پیپر کی تین تہوں والے حصے پر پڑے۔ نیچے سے تھوڑا تھوڑا صاف پانی بیکر میں جمع ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

رکاء کو 4 گروپس میں تقسیم کر کے انہیں ایک ایک عنوان کو تفصیلاً بیان کرنے کو کہا جائے گا۔

نی کی آلودگی کے اسباب(Causes of Water Pollution)

انی کی آلودگی کو دور کرنے کے طریقے(Methods of Removing Pollution)

نی صاف کرنے کے طریقے (Methods of Water Purification)

## 5.2۔ پانی:

### پانی کی اہمیت:(Importance of Water)

زمین کی سطح کے تین چوتھائی حصے پر پانی ہے جبکہ ایک چوتھائی حصہ خشک ہے۔ ہماری زمینی سطح کے پانی کا 97 فیصد حصہ سمندری پانی 2 فیصد حصہ برف کی شکل میں اور صرف ایک فیصد حصہ تازہ پانی کی شکل میں موجود ہے۔ زمین پر ہر قسم کی زندگی کا دارومدار اس ایک فیصد پانی پر ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ سمندر کے پانی اور تازہ پانی میں کیا فرق ہے؟

### پانی کیوں اہم ہے؟:(Why is Water Important ?)

### جاندار اور پانی:(Water and Living Beings)

زندگی کے لئے پانی بہت اہم ہے۔ پودے، پرندے، جانور، انسان غرضیکہ کوئی جاندار بھی پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ پانی اپنے اندر بہت سی چیزوں کو حل کرنے کی خصوصیت (Property) رکھتا ہے۔ پانی کے اندر مچھلیاں، مگرمچھ، سمندری گھونگے اور دوسرے آبی جانور زندہ رہتے ہیں کیونکہ آکسیجن گیس کسی حد تک پانی میں حل پذیر (Soluble) ہوتی ہے۔ پانی میں کاربن ڈائی آکسائیڈ بھی حل ہو جاتی ہے جس کو استعمال کر کے آبی پودے اپنی خوراک تیار کرتے ہیں۔

### انسان اور پانی:(Human Beings and Water)

ہمارے جسم کا 70 فیصد وزن پانی پر مشتمل ہے۔ انسانی جسم میں کروڑوں چھوٹے چھوٹے سیلوں (Cells) میں زیادہ تر پانی ہی ہوتا ہے۔ خوراک کو ہضم کرنے میں اور جسم سے فالتو مادے مثلاً پسینہ اور پیشاب کے اخراج میں بھی پانی کا کردار بہت اہم ہے۔ ہمارے خون کا 90 فیصد حصہ پانی ہے۔ خون جسم کے تمام حصوں میں غذائی اجزاء (Component of Food) کو پانی ہی کی وجہ سے پہنچاتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟** اگر آپ کا وزن 30 کلوگرام ہے تو آپ کے اندر 21 کلوگرام پانی ہے۔ پانی کی اس مقدار سے ایک لٹر کی 21 بوتلیں بھری جا سکتی ہیں۔

### پودے اور پانی:(Plants & Water)

پودوں میں پتے کاربن ڈائی آکسائیڈ، پانی اور سورج کی روشنی کی مدد سے خوراک تیار کرتے ہیں۔ پتوں سے یہ خوراک پانی کی ہی مدد سے پودے کے تمام حصوں کو پہنچتی ہے۔ پودوں کی جڑیں زمین سے پانی میں حل شدہ نمکیات اور کھادیں (fertilizers) حاصل کرتی ہیں اور پھر پودے کے مختلف حصوں کو پانی میں حل شدہ حالت میں پہنچاتی ہیں۔

### گھروں میں پانی کا استعمال:(Uses of Water in Homes)

گھروں میں پانی زیادہ تر صفائی، دھلائی، ٹائیلٹ کی فلشنگ، کھانا پکانے، پینے اور نہانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ آپ حیران ہوں گے کہ کھانا پکانے اور پینے کے لئے ہم بہت کم پانی استعمال کرتے ہیں۔ پانی کا زیادہ استعمال گھریلو صفائی اور ٹائیلٹ فلش کرنے میں ہوتا ہے۔

### صنعتوں میں پانی کا استعمال:(Usage of Water in Industries)

i- فیکٹریوں میں پانی خام مال کے طور پر اور صفائی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کاغذ اور کیمیکلز (chemicals) کی فیکٹریوں میں پانی بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

ii- پٹرولیم ریفائنری (Petroleum Refinary) میں پانی ٹھنڈک پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

iii- تھرمل بجلی (Thermal Electricity) صنعتوں میں پانی بھاپ بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

### پانی کی بچت کے لئے ہمیں چاہئے کہ

- نہاتے وقت جب جسم پر صابن لگا رہے ہوں تو پانی بند کر دیں۔

i- دانت صاف کرتے وقت گلاس میں پانی لیں اور پانی کی ٹونٹی بند کر دیں۔

ii- ٹب (Sink) میں برتن دھوئیں اور ٹونٹی (Tap) کھلی نہ رکھیں۔

پائپ اور پانی کی ٹونٹیوں کو لیک ہونے سے بچائیں۔ اگر پائپ خراب ہو جائے یا ٹونٹی لیک کرنا شروع کر دے تو اس کی فوراً مرمت کرائی جائے۔

### پانی کے ذرائع:(Sources of Water)

کنویں(Well) -ii چشمے(Springs) -iii دریا(River)

جھیلیں(Lake) -v بارش(Rain)

### کثافتیں دور کرنا:(Purification of Water)

فلٹر کرنا(Filtration) -ii گھروں میں فلٹر کرنا۔(Filtration in Home)

ابالنا(Boiling) -iv ہوا سے پانی صاف کرنا۔(Filtration of Water by Air)

### پانی کی آلودگی:(Pollution of Water)

ری اشیاء کا پانی میں مل جانا پولیوشن کہلاتا ہے۔ ان غیر ضروری اشیاء کو پولیوشن پیدا کرنے والے عناصر (Pollutants) کہتے ہیں۔ آلودہ پانی جانوروں، ں اور نباتات سب کے لئے نقصان دہ ہے۔

**(Effects) :**

بیماریاں، ہیضہ، ٹائیفائیڈ وغیرہ

### یج کا پانی:(Sewage of Water)

سیوریج کے پانی میں پیشاب، پاخانہ، استعمال شدہ کاغذ، صابن، ڈیٹرجینٹس اور استعمال شدہ کیمیکلز شامل ہوتے ہیں۔

**(Sources):**

اس میں گھروں، بڑی عمارتوں اور فیکٹریوں کا سیوریج شامل ہے۔

گھر اور فیکٹریوں کے سیوریج میں موجود کثافتوں کی وجہ سے ہیضہ، ٹائیفائیڈ وغیرہ پھیل سکتے ہیں۔

### ں:(Fertilizers)

کسان فصلیں اُگانے کے لئے فرٹیلائزرز (کھادیں) استعمال کرتے ہیں۔ فالتو فرٹیلائزرز بارش کے پانی کے ساتھ بہ کر ندیوں اور دریاؤں کے پانی میں بہ جاتے ہیں۔

کھیت اور باغ

کھیتوں اور سیوریج کا پانی دریا میں پہنچتا ہے تو اس میں مختلف قسم کے بیکٹیریا کے اثر سے تبدیلیاں ہوتی ہیں۔ ان تبدیلیوں میں نقصان دہ کیمیکل پیدا ہوتے ں مر جاتی ہیں۔

کچھ اشیاء کی وجہ سے دریاؤں کی سطح پر ایلجی اُگ آتی ہے اور پانی کی سطح پر پھیل جاتی ہے۔ اس طرح روشنی پانی کے اندر نہیں جا سکتی اور پانی کے اندر

پودے آکسیجن نہیں چھوڑ پاتے۔ پانی کے اندر آکسیجن کم ہو جاتی ہے اور مچھلیاں مر جاتی ہیں۔

### iii- کیڑے مار ادویات:(Pesticides)

کسان کھیتوں میں فصلوں پر موجود کیڑے مارنے کے لئے مختلف ادویات استعمال کرتے ہیں۔ فالتو ادویات پانی کے ساتھ بہ کر ندی نالوں، نہروں اور دریاؤں میں پہنچ جاتی ہیں۔

**ذرائع:** کھیت

**اثرات:** کچھ کیڑے مار ادویات بہت زہریلی ہوتی ہیں۔ پانی کے جانور اور پودے ان ادویات سے متاثر ہوتے ہیں۔ نتیجتاً پانی کے جانور ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر ایسے پانی کی مچھلیاں انسان کھائیں تو وہ بھی بیمار ہو جاتے ہیں۔

### iv- زہریلے فاضل مادے:(Poisonous Waste)

زہریلے فاضل مادے(Poisonous Waste) اور کیمیکلز(Chemicals) جو فیکٹریوں کے باہر ضائع کئے جاتے ہیں۔

**اثرات:** ایسے زہریلے مادے اِردگرد کے ماحول کو سخت متاثر کرتے ہیں جس زمین پر انہیں پھینکا جاتا ہے یا دبایا جاتا ہے وہاں کوئی پودا نہیں اُگ سکتا۔ بارش کے پانی سے یہ مادے ندی، نالوں اور دریاؤں میں پہنچ جاتے ہیں جن سے آبی جانور سخت متاثر ہوتے ہیں۔

### v- کوڑا کرکٹ:(Garbage)

ضائع شدہ کاغذ، فالتو ڈبے اور پلاسٹک کی استعمال شدہ اشیاء لوگ نالوں اور دریاؤں کے کناروں پر پھینک دیتے ہیں جو پرندوں اور مچھلیوں کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں اور ان کے حلق میں پھنس کر ان کی موت کا سبب بنتے ہیں۔

### vi- بہنے والا تیل:


آئل ٹینکروں کی صفائی کی وجہ سے فاضل آئل سمندر میں بہ جاتا ہے یا حادثاتی طور پر جہاز یا آئل ٹینکر ڈوب جاتے ہیں تو تیل سمندر کے پانی میں شامل ہو جاتا ہے۔ یہ تیل پانی کی سطح پر ایک تہ بنا دیتا ہے۔

**اثرات:** پرندے، مچھلیاں اور دوسرے آبی جانور پانی کی اس پولیوشن کی وجہ سے مر جاتے ہیں۔ آئل آبی پرندوں کے پروں کو چکنا کر دیتا ہے۔ پرندے اپنے آپ کو گرم نہیں رکھ سکتے اور سردی سے مر جاتے ہیں۔ پرندے چکنے پروں سے اڑ نہیں سکتے اور گر کر مر جاتے ہیں۔ پانی کی سطح پر بنی ہوئی تیل کی تہ آکسیجن گیس کو پانی میں حل ہونے سے روکتی ہے۔ آکسیجن کی کمی سے آبی جانور مر جاتے ہیں۔

## 5.5- پانی کو پولیوشن سے بچانے کے طریقے:(Methods of Purification of Water)

i- سیوریج کے پانی کو صاف کرنا
ii- لوگوں کو پانی صاف رکھنے کی ترغیب(take attention) دینا
iii- پانی کو پولیوشن سے بچانے کے لئے قانون بنانا اور اس کا اطلاق(application) کرنا

### دلچسپ معلومات



ہوا میں آلودگی جب زیادہ ہو جائے تو بارش ہونے سے تیزاب بنتا ہے، جسے تیزابی بارش کہتے ہیں، جو پودوں اور جانوروں کو نقصان پہنچاتی ہے

# 5.6 سبقی منصوبہ Lesson Plan

Class: 5th — پنجم

Subject: Science — سائنس۔

Topic: Water — نی

Page # 52 to 58 — 52تا58

Text Book: Punjab Text Book Board Lahore. — ۔:پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور

Time: 40 Minutes — 4منٹ

در2پیریڈز پر مشتمل ہوگا

| | |
|---|---|
| | معاونات:(Teaching Aids) |
| Work Sheet | شیٹ |
| | ۔ڈسٹر،تختہ تحریر |

**مد: (Objectives)**

پانی کی اہمیت بیان کرنا (Importance of Water)

پانی کو آلودہ ہونے سے بچانے کے طریقے بتانا (Methods to stop Water Pollution)

**یقہ کار:(Procedure)**

رمی:

طلباء کو پانی کے استعمالات کے بارے میں سوال کرے

بچوں کی طرف سے آنے والے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں

خر میں مطلوبہ اضافے کے ساتھ سرگرمی کو ختم کریں

رمی:

سوالات پوچھنا (Questioning) •

بچوں سے بک میں دی گئی مشق حل کروانا (Solve Exercise)

عات میں موضوع دے کر Presentation کروانا

چارٹ بنوانا (Chart Making)

ورک شیٹ حل کروانا (Work Sheet)

# (Work sheet)5.7۔ورک شیٹ

مندرجہ ذیل جملوں میں سے صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔

- پانی ہمارے جسم میں 90% موجود ہے۔ ☐
- پانی گیس کو حل کر لیتا ہے۔ ☐
- پانی بجلی پیدا کرتا ہے۔ ☐
- پانی کو صاف نہیں کیا جا سکتا۔ ☐
- پانی بے رنگ اور بے ذائقہ ہے۔ ☐

- پانی کے تین ذرائع لکھیں۔ (Write 3 Sources of water)

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

-پانی کیسے آلودہ ہوتا ہے، 3 ذرائع بتائیں۔ (Write 3 sources which pollute water)

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

4-پانی کے پانچ استعمالات لکھیں۔ (Write 5 uses of water)

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

5-پانی کی آلودگی دور کرنے کے طریقوں کے نام لکھیں۔ (Write names of methods to remove water pollution)

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

6- پانی میں موجود کثافتوں کے نام لکھیں؟

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

# یونٹ نمبر 6: مقناطیسیت (Magnetism)

6.1 مقاصد

6.2 برق سکونی

6.3 برق رواں

6.4 مقناطیسیت

6.5 بجلی اور مقناطیسیت

6.6 سبق کی منصوبہ بندی

6.7 ورک شیٹ

**دوسرے مضامین سے رابطہ:**

ماحولیات Environment

فزکس Physics

کیمیا Chemistry

اردو Urdu

انگلش English

معاشرتی علوم Social Studies

**ذرائع:**

www.science.com

www.time4learning.com

www.answer.com

www.google.com

(Bachon ka Incyclopedia)

Punjab Text Book Board, Lahore

## 6.1۔مقاصد:(Objectives)

اس سیشن کے اختتام پرشرکاء یہ قابل ہو جائیں گے کہ

☆ چارج کیسے پیدا ہوتا ہے۔
☆ برقِ رواں اور برق سکونی میں کیا فرق ہے۔
☆ مقناطیس کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں۔
☆ بجلی کیا ہے؟ بجلی، چارج، موصل اور غیر موصل، سرکٹ، مقناطیسی اور غیر مقناطیسی اشیاء اور قطب نما کیا ہیں۔
☆ گروپ پراجیکٹ کے طریقہ کار کو کمرہ جماعت میں موثر اور فعال طریقہ تدریس کے طور پر استعمال کرنا ہے۔
☆ نصاب کے تدریسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے مقامی طور پر دستیاب کم خرچ روزمرہ اشیاء کو استعمال میں لا کر عملی سرگرمیاں کیسے بناسکیں گے جو کہ پرائمری کی سطح پر بجلی اور مقناطیسیت اور کئی دیگر سائنسی عنوانات پڑھانے میں موثر ثابت ہوں۔
☆ طریقہ تدریس کو زیادہ موثر، دلچسپ اور آسان بناسکیں۔

| سرگرمی نمبر | چارج کا تصور |
|---|---|
| 1 | وقت: 15 منٹ |
| میٹریل: | ☆ کاغذ کے ٹکڑے ☆ پلاسٹک کی کنگھی، سکیل، بال پنسل |

**طریقہ کار:**

پلاسٹک کی کنگھی لیں اور اسے کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کے قریب لائیں کیا یہ انہیں اپنی طرف کھینچتی ہے؟ اب اسے سوتی یا اونی کپڑے یا اپنے خشک بالوں سے رگڑیں اور دوبارہ کاغذ کے ٹکڑوں کے پاس لائیں۔ اب آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟ کیا کاغذ کے ٹکڑے کنگھی کے ساتھ چپک گئے ہیں؟ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو اس کشش کا سبب کیا ہے؟

**طریقہ کار:**

ایک غبارے میں ہوا بھر کر دھاگے (Thread) کے ذریعے سٹینڈ سے لٹکائیں۔ ایک اونی کپڑا اس کے قریب لائیں۔ کیا غبارہ کپڑے کی طرف کھنچتا ہے؟ اب غبارے کو کپڑے سے اچھی طرح رگڑ کر کپڑا ہٹالیں۔ پھر کپڑے کو آہستہ آہستہ غبارے کے قریب لائیں۔ کیا اب غبارہ کپڑے کی طرف کھنچتا ہے؟
کپڑا غبارے کو اپنی طرف کھینچ لے گا۔ وجہ یہ ہے کہ غبارے کو کپڑے کے ساتھ رگڑنے سے پہلے دونوں پر کوئی چارج نہیں ہوتا۔ جب غبارے کو کپڑے سے رگڑا جاتا ہے تو غبارے پر منفی چارج اور کپڑے پر مثبت چارج پیدا ہو جاتا ہے۔

| سرگرمی نمبر | برقِ رواں |
|---|---|
| 2 | وقت: 15 منٹ |
| | میٹریل:<br>☆ چھوٹے بلب، تار، سیل |

**طریقہ کار:**

تار کے ایک سرے کو بلب (Bulb) کے ساتھ باندھ دیں اور سیل کے ایک سرے کے ساتھ جوڑ دیں دوسرے سرے کو سیل کے دوسرے سرے سے جیسے ہی جوڑیں گے بلب روشن ہو جائے گا۔ اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے؟ جب بلب کے دونوں سرے سیل کے دونوں سروں کے ساتھ تاروں سے جڑے ہوتے ہیں تو یہ ایک مکمل راستہ بن جاتا ہے۔ مکمل راستے سے الیکٹرک کرنٹ گزرتا ہے جس سے بلب روشن ہو جاتا ہے۔ تار کا ایک سرا علیحدہ کرنے سے راستہ مکمل نہیں رہتا۔ لہٰذا اب کرنٹ نہیں گزرتا۔

یاں

| | |
|---|---|
| 25منٹ | (i) عملی سرگرمی 1- برق سکونی اور برق رواں |
| 15منٹ | (ii) عملی سرگرمی 2- موصل اور غیر موصل اشیاء کی پہچان |
| 20منٹ | (iii) عملی سرگرمی 3- مقناطیسیت |
| 40منٹ | (iv) عملی سرگرمی 4- گروپ پراجیکٹ |

**معاونات:** شاپنگ بیگ، قینچی، اُونی کپڑا، کنگھی، پرانے اخبارات یا کوئی دوسرے کاغذات، غبارے، دھاگہ۔ بیٹری سیل، کیل، بال پوائنٹ، پنسل، چھوٹا سا
ا کی تار، قلعی (چاندی کا ورق)، سلوشن ٹیپ، گتہ اور چارٹ

:

لباء سے سوال پوچھیں کہ بجلی کن کن اشیاء میں استعمال ہوتی ہے؟ یا عام زندگی میں بجلی کے کیا فوائد ہیں؟ تمام شرکاء یا طلباء کی اس موقع پر حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ور پر اظہار خیال کر سکیں۔ اور شرکاء یا طلباء سے بجلی کی دو اقسام (ا) برق سکونی (ب) برق رواں اخذ کروائیں۔

## 1)- برق سکونی (Electrostatic Charge)

رمی نمبر 1 :

ا کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ٹیبل پر اس طرح رکھیں کہ تمام شرکاء ان کو دیکھ سکیں۔ اس کے قریب کنگھی یا پلاسٹک بال پوائنٹ لائیں اور شرکاء سے پوچھیں ں نے کیا مشاہدہ کیا۔ (متوقع جواب: کاغذ کے ٹکڑے اپنی جگہ پر قائم رہیں گے اور ان پر کوئی اثر نہ ہوا)۔ اب کنگھی یا بال پوائنٹ بالوں سے اچھی طرح رگڑ کر ے ٹکڑوں کے قریب لائیں اور شرکاء یا طلباء سے ان کے مشاہدہ کے بارے میں پوچھیں۔ (متوقع جواب: کاغذ کے ٹکڑے کنگھی یا بال پوائنٹ سے چپک گئے) کا شرکاء سے اس عمل کے بارے میں پوچھیں کہ کیا وجہ ہے کہ کنگھی یا پلاسٹک بال پوائنٹ کو بالوں سے رگڑنے کے بعد جب کاغذ کے ٹکڑوں کے قریب لے جایا گیا ں سے چپک گئے۔

ں کی وضاحت کے لئے تمام شرکاء یا طلباء کو بتائیں کہ دو اجسام کو آپس میں رگڑنے سے ان پر چارج پیدا ہوتا ہے۔ کیونکہ دونوں اجسام کے آپس میں رگڑنے کی ہ ایک جسم سے الیکٹرون دوسرے جسم میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ ایسے چارج کو برق سکونی کہتے ہیں۔ پھر شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ چارج کی کتنی قسمیں ہیں۔ کچھ طلباء جواب دیں گے۔ دو اقسام ہیں۔ یعنی مثبت چارج اور منفی چارج۔

رکاء یا طلباء کو بتائیں کہ آج ہم عملی سرگرمیوں (Activities) کے ذریعے ثابت کریں گے کہ کچھ اقسام میں رگڑنے کی وجہ سے ان پر چارج پیدا ہوتا ہے۔ اور ہم یہ ت کریں گے کہ ایک جیسے چارج ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں اور دو مخالف چارج ایک دوسرے کو کھینچتے ہیں۔---------۔ اب تمام شرکاء یا طلباء کو تین تین ے گروپ میں تقسیم کر کے انہیں قینچی، کاغذ یا اخبار، کنگھی اور شاپنگ بیگ وغیرہ دیجئے۔ انہیں بتائیے کہ کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا کر ایک کنگھی یا پلاسٹک کا ن ان کے قریب لائیں اور مشاہدہ کریں۔ اس کے بعد کنگھی یا بال پن کو اپنے بالوں سے اچھی طرح رگڑ کے کاغذ کے ٹکڑے کے قریب لائیں اور مشاہدہ کریں۔ اس پلاسٹک کے شاپنگ بیگ سے دس یا بارہ انچ لمبی اور تقریباً ایک انچ چوڑی پٹی (Strip) بنائیں اور اسے دی ہوئی شکل کے مطابق اُٹھا کر مشاہدہ کریں۔ اس کے ٹک کی پٹی کو کسی اونی یا ریشمی کپڑے یا کسی اونی سویٹر سے رگڑ کر اٹھائیں جیسا کہ شکل میں دیکھا گیا ہے اور مشاہدہ کریں۔ اس کے بعد دونوں پٹیوں کے درمیان رکھ کر مشاہدات کو ورک بک نمبر 1 میں لکھیں۔

بعد تمام شرکاء یا طلباء ایک ایک غبارے میں ہوا بھر کر اس کو دیوار کے ساتھ چسپاں کرنے کی کوشش کریں۔---۔ اس کے بعد اس غبارے کو بالوں سے رگڑ کر دیوار ہ لگا کر مشاہدہ کریں۔ شرکاء یا طلباء کو بتائیں کہ ان سرگرمیوں کو مکمل کرنے کے لئے ان کے پاس بیس منٹ کا وقت ہے۔ اس کے بعد ہر ایک گروپ کے پاس جا ے کے کام کا جائزہ لیں اور ان کے سوالات کا جواب دیں اور دیکھیں کہ وہ گروپ میں کام کرتے ہوئے خوشی اور آسانی محسوس کر رہے ہیں۔ اب آخر میں تمام شرکاء یا

اس عملی سرگرمی کا کیا مقصد تھا۔

اب طرح کی عملی سرگرمیاں کمرہ جماعت میں کرنے میں آپ کو کیا مشکلات درپیش آسکتی ہیں اور اُن پر قابو پانے کیلئے آپ کیا حل تجویز کرتے ہیں۔

اب شرکاء سے سوال پوچھیں کہ وہ کون سی چیز ہے جس کی مدد سے ہم سمت معلوم کر سکتے ہیں۔ شرکاء میں سے کچھ جواب دیں گے کہ قطب نما (Compass) وغیرہ۔

(شرکاء سے قطب نما کی افادیت اور استعمال پر بحث کریں۔)

## سرگرمی نمبر 4: گروپ پراجیکٹس (Group Project)

کے بعد ایک چارٹ شرکاء کو دکھائیں جس پر پانچ درج ذیل پراجیکٹ اور اس میں استعمال ہونے والے سامان کی تفصیل درج ہو۔

(A)۔ اپنے اردگرد کی دستیاب اشیاء سے ایک قطب (Compass) نما بنائیں اور اس کی مدد سے سمت معلوم کریں نیز اس قطب نما کی مدد سے آپ اپنے جماعت کے داخلی دروازے کی سمت معلوم کریں۔

ن: پانی کا ٹب، سوئی، کسی پودے کا پتا، مقناطیس۔

ت: پراجیکٹ A: آپ کو چاہئے۔ ایک چھوٹا ٹب، پانی، ایک پتا، مقناطیس، سوئی۔

قدم: سوئی لیکر مقناطیس کی مدد سے اسے مقناطیس بنائیں۔

قدم: ٹب میں پانی لیں۔

قدم: پانی میں ایک پتا تیرائیں اور اس پتے پر سوئی رکھیں جب سوئی ٹھہر جاتی ہے تو اس کی سمت معلوم کی جا سکتی ہے۔ ہمیشہ شمالاً جنوباً ہوتی ہے۔ اس کی مدد سے [illegible] سمت معلوم کی جا سکتی ہے۔

: سوئی کو میز پر رکھ کر اس پر کم از کم 50 بار مقناطیس رگڑنے سے وہ سوئی مقناطیس بن جاتی ہے۔

(B)۔ برق سکونی کا پانی پر اثر دکھانے کے لئے ایک پراجیکٹ (Project) بنائیں۔

ن: کنگھی، ریشمی کپڑا، 1.5 یا ایک لیٹر پلاسٹک کی خالی بوتل، خالی ٹب، پانی، سوئی۔

ت: سرگرمی B: آپ کو چاہئے:۔ 1 یا 1.5 لیٹر پلاسٹک کی بوتل (پیپسی) وغیرہ، پانی، خالی ٹب، کنگھی، سوئی۔

قدم: ایک خالی بوتل میں پانی بھر دیں۔ اس کا ڈھکن (lid) کھلا چھوڑ دیں۔

قدم: سوئی کے ذریعے اس کے پیندے میں باریک سوراخ کریں تاکہ پانی ایک دھار کی صورت میں باہر نکلے۔

قدم: ایک کنگھی کو اپنے خشک بالوں میں بار بار رگڑ کر پانی کی دھار کے قریب لائیں۔ آپ دیکھیں گے کہ پانی کی دھار ٹیڑھی ہو جاتی ہے جس کی وجہ کنگھی پر [illegible] برقی چارج ہے۔

: پانی کی دھار باریک ہو۔ کنگھی خشک ہو۔ سوراخ انتہائی چھوٹا کریں۔ بال گیلے نہ ہو۔

(C)۔ ایک الیکٹرومیگنٹ بنائیں اور اسکی مدد سے کچھ مقناطیسی اور غیر مقناطیسی اشیاء کی پہچان کریں۔

ن: بیٹری سیل، بجلی کا تار، لمبا کیل، پیپر پن، سوئی وغیرہ

ت: سرگرمی C: آپ کو چاہئے۔ بجلی کا لمبا تار (تقریباً 1.5 میٹر)، لمبا کیل، بیٹری سیل، پیپر پن، سوئی۔

قدم: ایک لمبے کیل کو لے کر اوپر تار لپیٹ دیں۔

قدم: اس تار کے ایک سرے کو سیل کے مثبت اور دوسرے کو سیل کے منفی سرے سے جوڑ دیں۔

**تیسرا قدم:** اب کیل کو سوئی، پیپر پن وغیرہ کے قریب لائیں آپ دیکھیں گے کہ کیل ایک مقناطیس کے طور پر کام کرے گا۔ جب کرنٹ بند مقناطیسیت بھی ختم ہو جائے گی۔

**احتیاط:** کیل کافی لمبا ہو۔ تار کئی مرتبہ لپیٹی گئی ہو۔

## 6.5 بجلی اور مقناطیسیت (Electricity and Magnetism)

مادے کی ایک بنیادی خاصیت کو چارج کہتے ہیں جس کی دو قسمیں ہیں مثبت چارج اور منفی چارج۔ عام طور پر اجسام کے اوپر ان دونوں کی مقدار برابر ہوتی ہے۔ جب دو اجسام کو آپس میں رگڑا جائے ان میں سے ایک پر مثبت اور دوسرے پر منفی چارج پیدا ہو جاتا ہے۔ کشش (Attraction) کا مظاہرہ اجسام پر چارج کی وجہ سے ہوتا ہے۔

### مخالف چارج رکھنے والے اجسام ایک دوسرے کو کشش کرتے ہیں

تمام مادی چیزیں ایٹموں (Atoms) سے مل کر بنی ہیں۔ ایٹم مزید چھوٹے ذرات (Particle) سے مل کر بنتے ہیں جن میں پروٹون (Proton) اور الیکٹرون (Electron) اہم ہیں۔ پروٹون ایٹم کے مرکزی (Centre) حصے نیوکلیئس (Nucleus) میں رہتے ہیں۔ ان پر مثبت چارج ہوتا ہے۔ الیکٹرون نیوکلیئس کے گرد گردش (Revolve) کرتے ہیں۔ ان پر منفی چارج ہوتا ہے۔ ایٹم میں پروٹونز اور الیکٹرونز کی تعداد برابر ہوتی ہے۔ اس لئے ایٹم پر چارج (Charge) صفر ہوتا ہے۔

جب دو چیزوں کو آپس میں رگڑا جاتا ہے تو ایک چیز سے الیکٹرون دوسری چیز پر آ جاتے ہیں۔ جس چیز پر الیکٹرونز کی تعداد بڑھ جاتی ہے ہم کہتے ہیں کہ اس پر منفی چارج آ گیا ہے۔ جس چیز سے کچھ الیکٹرون چلے جاتے ہیں اس پر الیکٹرونز کی تعداد، پروٹونز کی تعداد سے کم ہو جاتی ہے۔ اس لئے اس پر مثبت چارج ظاہر ہوتا ہے۔

### الیکٹرک کرنٹ:

آپ نے بیٹری میں استعمال ہونے والا سیل دیکھا ہوگا اس کو ایک سرا مثبت اور دوسرا منفی ہوتا ہے۔ سیل کے منفی سرے پر الیکٹرونز کی بہتات اور مثبت سرے پر الیکٹرونز کی کمی ہوتی ہے۔ اگر ان سروں کو ایک تار کے ذریعے جوڑ دیا جائے تو الیکٹرونز بہتات والے مقام سے کمی والے مقام کی طرف بہنا شروع ہو جاتے ہیں۔ الیکٹرونز کے اس بہاؤ کو الیکٹرک کرنٹ کہتے ہیں۔ کرنٹ اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک کہ سیل کے دونوں سروں پر الیکٹرونز کی بہتات (Level) کا فرق ختم نہیں ہو جاتا۔

کسی سرکٹ میں کرنٹ کی مثال پائپ میں بہنے والے پانی کی سی ہے۔ اگر ایک برتن میں پانی کی سطح اونچی اور دوسرے برتن میں نیچی ہو اور ان کو ایک پائپ سے ملا دیا جائے تو پانی اونچی سطح سے نیچی سطح کی طرف بہنا شروع کر دیتا ہے۔ پانی اس وقت تک بہتا رہتا ہے جب تک کہ دونوں سطحیں برابر نہ ہو جائیں۔

### الیکٹرک کرنٹ چارجز کے بہاؤ کو کہتے ہیں

### الیکٹرک سرکٹ: (Electric Circuit)

الیکٹرک کرنٹ کے گزرنے کے راستے کو الیکٹرک سرکٹ کہتے ہیں۔

الیکٹرک کرنٹ ایک مکمل بند راستے سے گزرتا ہے۔ ٹوٹے ہوئے راستے سے نہیں گزرتا۔

### بجلی کی اقسام: (Types of Electricity)

برق سکونی: بجلی کی ایسی قسم جو اشیاء میں رگڑ کی عمل سے پیدا ہوتی ہے اور اپنی موجودگی کا احساس چیزوں کو کشش یا دفع کر کے دیتی ہیں۔

برق رواں: تاروں میں بہتی ہوئی بجلی برق رواں کہلاتی ہے۔

# Lesson Plan سبقی منصوبہ 6.6

Class: Two — جماعت: دوئم

Subject: Science — مضمون: سائنس

Topic: Electricity & Magnetism — عنوان: بجلی اور مقناطیسیت

Page # 38 to 40 — صفحہ نمبر: 38 تا 40

Text Book: Punjab Text Book Board Lahore. — ٹیکسٹ بک: پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور

Time: 40 Minutes — وقت: 40 منٹ

بجلی اور مقناطیسیت کا تصور 2 پیریڈز پر مشتمل ہوگا

| | تدریسی معاونات: (Teaching Aids) |
|---|---|
| Work Sheet | ورک شیٹ |
| Thread & Magnet | مقناطیس اور دھاگہ |

**مقاصد: (Objectives)**

☆ بجلی اور مقناطیس کی اہمیت بتانا (Telling the Importance of Electricity and Magnet)

☆ بجلی اور مقناطیس کے استعمال بتانا (Telling Application of Electricity and Magnet)

☆ ان کے غلط استعمال سے آگاہ کرنا (Making the students aware of misuses of Elecricity)

☆ ان کی تعریف سمجھانا (Defining Magnet and Electricity)

**طریقہ کار: (Procedure)**

**تعارفی سرگرمی: (Introductory Activity)**

☆ طلباء کو نارتھ پول اور ساؤتھ پول رکھنے والے مقناطیس کو دھاگے سے باندھ کر دکھائیں

☆ جماعت میں سے دو طلباء کو باقی طلباء کے سامنے بلا کر کھڑا کریں

☆ ایک بچے کو دھاگے سے بندھا ہوا مقناطیس پکڑائیں اور لٹکانے کو کہیں

☆ دوسرے بچے کو ایک ایسا ہی مقناطیس پکڑائیں اور مخالف پول سے جوڑنے کو کہیں

☆ طلباء مشاہدہ کریں گے کہ مخالف پول میں فوراً ہی ایک دوسرے کو پکڑ لیا ہے

☆ سرگرمی کے اختتام پر استاد طلباء کو بتائے گا کہ ایک جیسے اجسام ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں جبکہ مخالف اجسام ایک دوسرے کی طرف کشش کرتے ہیں

**یاددہانی سرگرمی: (Reinforcement Activity)**

☆سوالات پوچھنا (Asking Questions)

☆ بچوں سے پوچھا جائے کہ مختلف جگہوں پر کیسے استعمال ہوتے ہیں۔

Ask the Students how Electricity and Megnets are Used at Different Places

☆ان اشیاء کے نام لکھوانا جہاں بجلی اور مقناطیسیت کا استعمال ہوتا ہے۔

Ast students to right names of places where electricity and magnet are used.

☆ بچوں سے پریکٹیکل ورک کروایا جائے۔ (Practical Work)

**گھر کا کام: (Home work)**

☆بچوں سے گھر میں موجود ان چیزوں کے نام لکھنے کو کہیں جن میں بجلی اور مقناطیسیت استعمال ہو۔

☆بجلی اور مقناطیسیت کے عنوان کو نوٹ بک پر لکھنے کو کہیں۔

# 6.7۔ورک شیٹ (Work Sheet)

**مندرجہ ذیل درست اور غلط جملوں کی نشاندہی کریں**

1- کیا بجلی کے بغیر بلب روشن ہوسکتا ہے۔ ☐

2- کیا استری بجلی کی وجہ سے کپڑے پریس (Press) کر سکتی ہے۔ ☐

3- کیا ہم بجلی کے بغیر T.V پر پروگرام دیکھ اور سن سکتے ہیں۔ ☐

4- کیا آپ بجلی کے بغیر کمپیوٹر پر گیم کھیل سکتے ہیں۔ ☐

5-مقناطیس پلاسٹک کی بنی ہوئی چیزوں کو اپنی طرف کشش کرتا ہے۔ ☐

**مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں۔**

1-مقناطیس کے کتنے پول (Pole) ہوتے ہیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

2-بجلی کے تین استعمال (Uses) بتائیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

3-مقناطیس کی تصویر بنائیں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

# یونٹ نمبر 7: ہماری غذا (Our Food)

7.1 متوازن غذا

7.2 خوراک کی اقسام

**دوسرے مضامین سے رابطہ:**

اسلامیات Islamyat

روزمرہ زندگی Daily Life

کیمیا Chemistry

ہوم اکنامکس Home Economics

**ذرائع:**

www.science.com

www.google.com

Punjab Text Book Board, Lahore


## ہماری غذا:

### 7.1۔متوازن غذا:(Balanced Diet)

ایسی غذا جس میں خوراک کے تمام بنیادی اجزاء مناسب مقدار میں موجود ہوں تا کہ جسم کو توانائی میسر آ سکے اس کی بہتر نشو ونما ہو سکے اور وہ بیما

### 7.2۔خوراک کی اقسام(Types of Food):

پروٹینز (Proteins)،کاربوہائیڈریٹس(Carbohydrate)، چکنائی(Fats)،نمکیات(Minerals)، پانی(ater




### دلچسپ معلومات



کاربوہائیڈریٹ کی مناسب مقدار نہ ملنے پر ہم تھکاوٹ اور کمزوری محسوس کرتے ہیں

# یونٹ نمبر 8: ہمارا جسم (Our Body)

8.1 اعضاء اور حسیں

8.2 نظام انہضام

8.3 سبق کی منصوبہ بندی

8.4 ورک شیٹ

**دوسرے مضامین سے رابطہ:**

اسلامیات Islamyat

روزمرہ زندگی Daily Life

کیمیا Chemistry

**ذرائع:**

www.science.com

www.google.com

Punjab Text Book Board, Lahore

اپنے محور سے
دیں کہ وہ ا
شرکاء یا طلبا
جب آپ
ہوئے کسی شخ
ہیں ۔ بالکل

انسانی جسم ایک مشین کی طرح کام کرتا ہے۔ مثلاً خوراک ہضم کرنا(Digestion)، سانس لینا، جسم سے فالتو مادوں کا اخراج کرنا(ion
تمام کاموں کے لئے ہمارے جسم میں مختلف نظام ہوتے ہیں۔


**8.1۔اعضاء اور حسیں:(Organs and Senses):** زبان، ناک، کان، جلد، آنکھ

**سیکھنے کے عمل میں حسوں کا کردار:** دیکھنے 75% ،سننا 13%، سونگھنے 3%، چھونے 6%، چکھنے 3%

انسانی جسم میں مختلف نظام ہوتے ہیں۔ نظام انہضام(Digestive System)، نظام تنفس (Respiratory System)، نظام د
Circulatory System)، نظام اعصاب(Nervous System)، نظام اخراج(Excretory System) اور نظام تولید د
System) شامل ہیں۔


## 8.2۔نظام انہضام(Digestive System):

اورل کیوٹی، منہ (Mouth)، خوراک کی نالی(Oesophagus)، جگر (Liver)، معدہ(Stomach)، لبلبہ (Pancrease)، چھو
Intestine)، بڑی آنت(Large Intestine)، انیس(Anus)




## دلچسپ معلومات

منہ کے اندر والا حصہ جس میں زبان اور دانت موجود ہوں اسے
اورل کیوٹی **(Oral Cavity)** کہتے ہیں



# Lesson Plan سبقی منصوبہ 8.3

Class: 5th — جماعت: پنجم

Subject: Science — مضمون: سائنس

Topic: Food and digestive system — عنوان: خوراک اور نظام انہضام

Page # 10 to 26 — صفحہ نمبر: 10 تا 26

Text Book: Punjab Text Book Board Lahore. — ٹیکسٹ بک: پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور

Time: 40 Minutes — وقت: 40 منٹ

خوراک اور نظام انہضام کا تصور 3 پیریڈز پر مشتمل ہوگا

| | تدریسی معاونات: (Teaching Aids) |
|---|---|
| Group Work | گروپ میں کام کرنا |
| Work Sheet | ورک شیٹ |
| Practical Work | عملی کام |

## مقاصد: (Objectives)

☆ اپنے جسم کے بارے میں جاننا (Knowing About our Body)

☆ اپنی خوراک کے بارے میں جاننا (Knowing About our Food)

☆ جسم اور خوراک کے تمام افعال کو جاننا (Knowing about Functions of Body & Food)

## طریقہ کار: (Procedure)

### تعارفی سرگرمی: (Introductory Activity)

☆ جسم کے مختلف Systems کے بارے میں بتانا

☆ نظام انہضام کی اہمیت بتانا (Importance of Digestive System)

☆ نظام انہضام میں شامل جسم کے ان حصوں کی نشاندہی اور افعال بتانا

(Identification and Description of Body Parts Functioning for Digestion)

☆ نظام انہضام میں مختلف اعضاء کی بیماریاں بتانا

(Description of Diseases of Different Human Organs)

☆ خوراک کی اہمیت بتانا (Importance of Food)

☆ خوراک کے حصے بتانا (Parts of Food)

خوراک کے ذرائع بتانا (Sources of Food)

خوراک کا جسم میں ہضم ہونے کا طریقہ کار بتانا (Procedure of Digestion)

☆متوازن خوراک کے بارے میں بتانا (Knowledge of Balanced Diet)

☆خوراک کا غلط استعمال اور اس کے اثرات پر بحث کرنا
(Use of Imbalanced Food and its Effects)

**یاددہانی سرگرمی: (Reinforcement Activity)**

☆سوالات پوچھنا (Asking Questions)

☆ بچوں کو جسم کے اعضاء بنوا کر ان سے ایک Role Play کروانا

☆بچوں سے Presentation کروانا

☆ مشق حل کروانا (Solve Exersize)

**گھر کا کام: (Home work)**

☆چارٹ بنوانا (Chart Making)

☆ورک شیٹ حل کروانا (Work Sheet)

☆بچوں کو کاپی پر نظام انہضام لکھنے کے لئے دینا (Write about Digestion in note book)

# 8.4۔ورک شیٹ (Work Sheet)

ہ درست الفاظ کی نشاندہی کریں۔

- ہ میں سلائیوا پیدا ہوتا ہے۔ ☐
- رہ میں بائیل پیدا ہوتا ہے۔ ☐
- بان چبانے کا کام کرتی ہے۔ ☐
- ل میں چربی موجود ہوتی ہے۔ ☐
- ی چیزوں میں کاربوہائیڈریٹ ہوتی ہے۔ ☐

(الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| چھوٹی آنت | کاربوہائیڈریٹ |
| منہ | پروٹین |
| بڑی آنت | فیٹ |
| معدہ | پانی |

ہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں۔

ازن غذا (Balanced Diet) کسے کہتے ہیں؟

....................................................................................................

....................................................................................................

....................................................................................................

بان کا کام (Function) لکھیں۔

....................................................................................................

....................................................................................................

....................................................................................................

راک کے ہضم (Digestion) ہونے کا راستہ (Path Way) لکھیں۔

....................................................................................................

....................................................................................................

....................................................................................................

# یونٹ نمبر 9: زمین اور سائنس (Earth and Science)

9.1 مقاصد

9.2 زمین کی ساخت

9.3 زمین کی محوری حرکت

**دوسرے مضامین سے رابطہ:**

اسلامیات Islamyat

روزمرہ زندگی Daily Life

کیمیا Chemistry

معاشرتی علوم Social Studies

ہوم اکنامکس Home Economics

اردو Urdu

انگلش English

**ذرائع:**

www.science.com

www.google.com

Punjab Text Book Board, Lahore

**9۔مقاصد:**

سیشن کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ☆ اپنی زمین کی شکل، حرکت، ساخت اور دن ورات کی تبدیلی کی تدریس مقامی طور پر تیار کردہ سمعی وبصری معاونات کی مدد سے کرسکیں۔
- ☆ نظام شمسی کی تدریس کو بچوں کے لئے دلچسپ بنا سکیں۔
- ☆ موضوع کے متعلق بنیادی معلومات، عملی مشق اور ماحول میں موجود اشیاء کے ذریعے سکھا سکیں۔
- ☆ طلباء کو مختلف سائنسی موضوعات کی دلچسپ انداز میں تدریس کے لئے کم لاگت/ بغیر لاگت معاونات تیار کرسکیں۔

**وقت کی تقسیم:**

| | |
|---|---|
| تعارف(Introduction) | 10منٹ |
| سرگرمی نمبر1 (الف): زمین کی ساخت(Structure of Earth)<br>سرگرمی نمبر1 (ب): زمین کی محوری حرکت(Movement of Earth on Axis) | 30منٹ |
| سرگرمی نمبر2: زمین کی مداروی حرکت اور نظام شمسی(Movement of Earth on Orbit and Solar System) | 30منٹ |
| سرگرمی نمبر3: سائنسی موضوعات کی آسان اور دلچسپ اندازہ میں تدریس کے لئے کم لاگت/ بغیر لاگت معاونات تیار کرنا | 40منٹ |
| جائزہ(Observation) | 10منٹ |
| کل وقت(Required Time) | 120منٹ |

**درکار معاونات:(Required Materials)**

اون کا گولہ، گیند یا سیب، سوتی دھاگہ، ٹارچ، گلوب، چارٹ، نظام شمسی کے ماڈل کے لئے بجلی کے باریک تار، تھرما پول کی شیٹس یا موٹی پلاسٹک شیٹ یا گتہ جو آ۔ کا ناجا سکے، فلیش کارڈز۔

**تعارف:** شرکاء یا طلباء کو عنوان کی طرف متوجہ کرنے کے لئے تربیت کار شرکاء یا طلباء سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھے اور شرکاء یا طلباء کو اپنے جوابات سادہ کاغ کے لئے کہے۔

نمبر1: اپنا نام اور پتہ تحریر کیجئے؟ (گلی، مکان، شہر، صوبہ/ ریاست اور ملک کا نام بھی لکھیں)

نمبر2: آپ کا ملک کس براعظم میں واقع ہے؟

نمبر3: آپ کا براعظم کس سیارے میں واقع ہے؟

نمبر4: آپ کا سیارہ(Planet) کس نظام کا حصہ ہے؟

اب چند شرکاء یا طلباء سے اپنے جوابات پڑھنے کے لئے کہیں، شرکاء یا طلباء کے جوابات سے عنوان اخذ کریں اور زمین اور نظام شمسی کے علوم کی ہماری زندگی میں کے بارے میں بتائیں۔ اس عمل میں شرکاء یا طلباء کو بھی شامل کریں۔ مثلاً ان سے پوچھیں کہ:

- ☆ زمین کی ساخت اور حرکت کے بارے میں جاننا ہمارے لئے کیوں ضروری ہے؟
- ☆ نظام شمسی کے متعلق معلومات حاصل ہونے سے انسان کیا فوائد حاصل کرسکتا ہے؟

چند ممکنہ فوائد: زمین کی ساخت اور نظام شمسی کے بارے میں علم ہمیں اپنے قدرتی وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ہم موسموں اور قدرتی آ (Natural Desaster) (جیسے زلزلے، سیلاب، شہاب ثاقب کا زمین سے ٹکرانا، موسموں کی اچانک تبدیلیاں وغیرہ) کے بارے میں معلومات حاصل کرکے متوقع نقصانات سے بچ سکتے ہیں یا انہیں کم کرسکتے ہیں۔

## 9.سرگرمی نمبر 1 (الف): زمین کی ساخت (Structure of Earth)

بیت کار شرکاء یا طلباء سے تبادلہ خیال کے ذریعے اخذ کروائے گا کہ:

ین اور اس سے ملتے جلتے سیارے تقریباً گول شکل کے ہوتے ہیں۔

دلہ خیال کو جاری رکھنے اور منطقی نتیجہ کی طرف لے جانے کے لئے شرکاء یا طلباء سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں۔

- آپ کس طرح ثابت کریں گے کہ زمین گول ہے؟
- چودھویں کا چاند کس شکل کا ہوتا ہے؟
- رات کو آسمان پر نظر آنے والے ستارے کس شکل کے ہوتے ہیں؟

تصور کو مزید واضح کرنے کے لئے کاغذ کی کشتی بنائیں اور گلوب پر رکھ کر آہستہ آہستہ پیچھے سے آگے کی طرف حرکت دیں۔ سب سے پہلے کشتی کا اگلا حصہ سامنے آئے اور پھر آہستہ آہستہ پوری کشتی نظر آنا شروع ہو جائے گی۔ شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ اگر کسی نے سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر جہاز کے ساحل کی طرف آنے کا اہدہ کیا ہے، اگر کوئی بھی اس تجربے سے نہ گزرا ہو تو شرکاء یا طلباء کو اس کے متعلق بتائیں کہ جیسے آپ گلوب سے کشتی کو ابھر کر سامنے آتا ہوا دیکھ رہے ہیں، بالکل اسی رح ساحل پر کھڑا ہوا شخص جہاز کو ابھرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ اب شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں زمین کیسی ہے؟ گول یا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## 9.سرگرمی نمبر 1 (ب): زمین کی محوری حرکت (Movement of Earth on Axis)

بیت کار شرکاء یا طلباء سے پوچھے کہ:

یا زمین حرکت کرتی ہے؟

شرکاء یا طلباء کو ترغیب دیں کہ وہ زمین کی حرکت کے بارے میں اپنی سابقہ معلومات میں ساتھیوں کو شریک کریں۔ شرکاء یا طلباء کے جوابات کی روشنی میں زمین کی محوری حرکت سے شرکاء یا طلباء کو متعارف کروائیں۔ اب شرکاء یا طلباء کو بتائیں کہ:

زمین کی اپنے محور کے گرد حرکت اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اثرات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لئے ہم کچھ عام طور پر دستیاب اشیاء کے ذریعے عملی تجربات کریں گے۔

تربیت کار اُون کا گولہ لے اور اس کے درمیان سے سلائی گزارے، سلائی کو آہستہ آہستہ گھمائیں، گولہ گھومنے لگے گا۔ شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ:

☆ اس قسم کی حرکت کو کیا کہتے ہیں؟

☆ محوری حرکت میں سلائی کیا کہلاتی ہے؟

☆ کیا شرکاء یا طلباء سے اس ملتی جلتی کسی اور حرکت کی مثال اپنی روزمرہ زندگی سے دے سکتے ہیں؟ مثلاً سائیکل یا گاڑی کے پہیے کی حرکت، پنکھے کی حرکت وغیرہ۔ شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ ان مثالوں میں محور کہاں ہے؟

شرکاء یا طلباء کو ورک بک نمبر 1 مکمل کرنے کے لئے کہیں۔

چند شرکاء یا طلباء سے اپنی ورک بک میں لکھی ہوئی مثالوں کو پڑھنے کے لئے کہیں۔ اب شرکاء یا طلباء کو بتائیں کہ:

ہماری زمین بھی بالکل اسی طرح اپنے محور کے گرد گھومتی ہے لیکن زمین کے مرکز میں کوئی سلاخ یا سلائی (Needle) نہیں گزرتی، زمین کا محور ایک فرضی خط ہے۔ زمین 24 گھنٹوں میں اپنے محور کے گرد ایک چکر مکمل کرتی ہے۔

شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ:

زمین کی محوری حرکت سے کیا ہوتا ہے یا دن اور رات کیسے بنتے ہیں؟


وضاحت کے لئے ایک گلوب یا اُون کا گولہ لیں، ایک استاد کو اس پر ٹارچ سے روشنی ڈالنے کے لئے کہیں، گلوب کو آہستہ آہستہ گھمائیں اور شرکاء یا طلباء کو گلوب کے روشن غیر روشن حصوں کی طرف متوجہ کریں اور بتائیں کہ:

طرح جب زمین اپنے محور (Axis) کے گرد گھومتی ہے تو جو حصہ سورج کی طرف ہوتا ہے وہاں دن ہوتا ہے اور جو حصہ سامنے نہیں ہوتا، وہاں رات ہوتی ہے۔ زمین کی

اپنے محور کے گرد گھومنے کی وجہ سے باری باری اس کے سب حصے سورج کے سامنے آتے ہیں اس طرح کسی مقام پر کبھی دن ہوتا ہے اور کبھی رات کچھ شرکاء یا طلباء کو دعوت دیں کہ وہ اس عمل کو ساتھیوں کے سامنے آ کر دہرائیں۔

شرکاء یا طلباء سے پوچھیں کہ:

جب آپ بس میں بیٹھے ہوتے ہیں تو آپ کے ساتھ بیٹھے ہوئے لوگ حرکت کر رہے ہوتے ہیں؟ بس میں بیٹھے ہوئے اگر ہم باہر نہ دیکھیں اور صرف اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے کسی شخص کو دیکھیں تو ہمیں وہ شخص ساکن نظر آتا ہے لیکن بس میں بیٹھے ہونے کی وجہ سے آپ کے ساتھ بیٹھے ہوئے لوگ سب بس کے ساتھ حرکت کر رہے ہوتے ہیں۔ بالکل اسی طرح ہم اور آپ سب زمین کی حرکت کی وجہ سے زمین کے ساتھ ساتھ حرکت کرتے ہیں۔





# Glossary of Science

مادہ:(matter) ہر وہ چیز جو جگہ گھیرتی ہے اور وزن رکھتی ہے مادہ کہلاتی ہے۔

ٹھوس:(Solid) ٹھوس اشیاء کی ایک مخصوص شکل ہوتی ہے اور یہ خود بخود اپنی شکل تبدیل نہیں کر پاتیں۔

مائع:(liquid) مالیکیول ایک دوسرے سے قدرے فاصلے پر ہوتے ہیں مائع کو جس برتن میں ڈالیں اسی کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

گیس:(gas) گیس کے مالیکیول ایک دوسرے سے زیادہ فاصلے پر ہوتے ہیں۔گیسوں کا مخصوص حجم (volume) نہیں ہوتا۔

آلودگی:(pollution) غیر ضروری (useless things) اشیاء کا پانی میں مل جانا پولیوشن یا آلودگی کہلاتا ہے

روٹ سسٹم:(root system) روٹ (جڑ) پودے کا وہ حصہ جو زمین کے نیچے ہوتا ہے اس کو روٹ کہتے ہیں۔

روٹ کیپ:(root cap) روٹ کے آخری سرے پر ایک خول (covering) ہوتا ہے جسے روٹ کیپ کہتے ہیں روٹ کیپ روٹ کے آخری سرے کو نقصان (destory) سے بچاتی ہے۔

روٹ ہیرز:(root hairs) روٹ کے آخری سرے کے پیچھے بہت سی دھاگے کی طرح کی ساختیں ہوتی ہیں جن کو روٹ ہیرز کہتے ہیں۔یہ پانی اور نمکیات (minerals) جذب کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

تنا:(stem) پودے کا وہ حصہ جو زمین سے اوپر ہوتا ہے شوٹ کہلاتا ہے۔تنے اور اسکی شاخوں پر پھل اور بیج لگتے ہیں۔

نوڈ:(node) تنے کا وہ حصہ جہاں سے پتہ نکلتا ہے نوڈ (Node) کہلاتا ہے۔

انٹرنوڈز:(inter node) دو نوڈز کے درمیانی حصے کو انٹرنوڈز کہتے ہیں۔

پٹیول:(petiole) زیادہ تر پتوں کے ساتھ ایک ڈنڈی (stalk) ہوتی ہے جو چھوٹی یا بڑی ہوتی ہے اسے پٹیول کہتے ہیں۔

لیف بلیڈ:(leaf blade) پتے کا پھیلا ہوا اور چپٹا حصہ لیف بلیڈ کہلاتا ہے۔

مڈرب:(midrib) پتے کے درمیان میں ایک موٹی رگ (vein) ہوتی ہے جسے مڈرب کہتے ہیں۔

پولی نیشن:(pollination) پولن گرینز کا اینتھر (anther) سے کارپل کے سٹگما تک منتقل ہونے کا عمل پولی نیشن کہلاتا ہے۔

فرٹیلائزیشن:(fertilization) پولن گرینز کے نر تولیدی سیل اوویول (ovule) کے مادہ تولیدی سیل سے مل جانے کے عمل کو فرٹیلائزیشن کہتے ہیں۔

فرٹیلائزیشن کے نتیجے میں زائیگوٹ (zygote) بنتا ہے۔زائیگوٹ اوویول میں بنتا ہے اور اوویول پک کر بیج اور اووری پک کر پھل بن جاتی ہے۔

متوازن غذا:(balance diet) ایسی غذا جس میں خوراک کے تمام بنیادی اجزاء مناسب مقدار میں موجود ہوں تاکہ جسم کو توانائی (energy) میسر آسکے اس کی بہتر نشوونما (growth) ہو سکے اور وہ بیماریوں سے محفوظ رہے۔

الیکٹرک کرنٹ:(electric current) چارجز کے بہاؤ کو کہتے ہیں۔(flow of charges)

الیکٹرک سرکٹ:(electric circuit) الیکٹرک کرنٹ کے گزرنے کے راستے (way) کو الیکٹرک سرکٹ کہتے ہیں۔




**Idara-e-Taleem-o-Aagahi (ITA)**
67-A, Abid Majeed Road, Lahore Cantt.
Tel # 042-6689831-2, Fax # 042-6869893
Website: www.itacec.org